© rasailojaraid.com



# قرارداد کراچی

بین الاقوامی کانفرنس برائے مذہبی آہنگی اور باہمی اتحاد کے تمام شرکاء متفقہ طور پر مندرجہ ذیل قرارداد پاس کرتے ہیں:

۱۔ کہ پاکستان بھر کی جامعات اوراہل علم اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ ہیں کہ انہیں باہمی رواداری اور مذہبی آہنگی کے لئے خلوص دل سے کام کرنا ہے۔

۲۔ کہ تمام جامعات کی ذمہ داری ہے کہ وہ بین المذاہب و بین المسالک کے لیٹریچر کو عام کریں اور اسی نوعیت کی کانفرنسوں اور سیمناروں کا اہتمام کریں تاکہ اس موضوع کو فروغ حاصل ہو۔

۳۔ اس کانفرنس کے شرکاء محسوس کرتے ہیں کہ بنیادی طور پر مذہب ہی معاشروں کو منضبط کرتے ہیں اس لئے دنہ ہبی تعلیمات کے ذریعے تعصب، عداوت، نفرت، قتل وغارت اور دہشت گردی کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔

۴۔ تمام جامعات میں ایک خصوصی سیل قائم کیا جائے جس میں تمام مسالک اور مذاہب کی کتب یکجا کردی جائیں اور مذہبی معلومات مہیا ہوسکیں۔

۵۔ اس کانفرنس کے شرکاء تجویز کرتے ہیں کہ حکومتی سطح پر ایک مستقل ادارہ قائم کیا جائے جو متواتر مذھبی رواداری اور ھم آہنگی پر کام کرتا رہے اور جو سیاسی یا مسلکی جانبداری سے آزاد ہو تاکہ باہمی رواداری اور ہم آہنگی کو فروغ حاصل ہو۔



© rasailojaraid.com